ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

# آئی جی سندھ کی زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس۔

# لاڑکانہ رینج میں امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔

کراچی 12 جون 2020ء:۔

آئی جی سندھ مشتاق احمد مہر کی زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس میں لاڑکانہ رینج میں امن وامان کی موجودہ صورتحال کا مختلف پہلوؤں سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مزید ضروری ہدایات دی گئیں۔اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی سکھر،، ڈی آئی جی لاڑکانہ اور ضلعی ایس ایس پیز لاڑکانہ رینج نے بذریعہ ویڈیو لنک جبکہ ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ، ڈی آئی جی اسپیشل برانچ، اے آئی جی آپریشنز سندھ اور ایس ایس پی انٹیلی جینس ,اسپیشل برانچ نے اجلاس میں شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ سندھ کے بارڈر زایریاز اور بالخصوص صوبائی ٹرائی جنکشن بارڈر ایریا میں پولیسنگ کے مجموعی امور واقدامات کو مزید غیر معمولی بناتے ہوئے نا صرف اسمگلنگ کی روک تھام بلکہ اس ضمن میں متعلقہ اداروں سے مربوط روابط کو بھی یقینی بنایا جائے تا کہ اسمگلنگ کی حوصلہ شکنی کے ساتھ ساتھ اس فعل میں ملوث عناصر کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جا سکے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ آئندہ آنیوالے میگا ایونٹس بشمول عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام کے مواقعوں پر عوام کی جان ومال کے تحفظ کے حوالے سے انتہائی ٹھوس اور فول پروف اقدامات پر مشتمل سیکیورٹی پلان ترتیب دیا جائے اور ترتیب کردہ پلان کے جملہ پہلوؤں، حکمت عملی اور لائحہ عمل میں تمام اسٹیک ہولڈرز اور قانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں سے باقاعدہ مشاورت اور انکی تجاویز کو بھی اہمیت دی جائے۔

ان کا کہنا تھا کہ سندھ میں کورونا وائرس (کووڈ-19) کی وباء کی روک تھام کے سلسلے میں حکومت سندھ کی جانب سے اُٹھائے گئے اقدامات/ایس او پی پر عمل درآمد کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ دوران فرائض کورونا وائرس سے متاثر ہونیوالے افسران اور جوانوں کو صحتیابی کی طرف واپس لانا سندھ پولیس کے محکمانہ اقدامات کی تمام تر ترجیحات میں شامل ہے اور اس ضمن میں ہر ممکن امور اختیار کیئے جارہے ہیں۔

آئی جی سندھ کا مزید کہنا تھا کہ پولیس ملازمین اور انکے اہل خانہ کی فلاح وبہبود جیسے اقدامات بھی بلا کسی تعطل جاری ہیں اور جاری رہینگے۔انہوں نے ڈی آئی جی لاڑکانہ کو ہدایات دیں کہ ایلیٹ فورس کے افسران اور جوانوں پر مشتمل خصوصی دستہ اندرون پندرہ یوم تشکیل دیا جائے یہ خصوصی دستہ ممکنہ ایمرجنسی صورتحال میں فوری ریسپانس دیگا۔

-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-